رول نمبر: _____

دستخط طالب علم: _____

سالانہ امتحان 2024ء/1445ھ

کنزالمدارس بورڈ پاکستان

درجہ: **عامہ سال اول** پرچہ: **چوتھا** مضمون: **الصرف**

تاریخ: **15-02-2024** دن: **جمعرات** کل وقت: **30 منٹ** کل نمبر: **25**

مرکز امتحان: _____ دستخط نگران مرکز امتحان: _____ دستخط مقتش: _____

حصہ اول: معروضی

کثیر الانتخابی سوالات (MCQ's)

نوٹ: تمام سوالات کا حل مطلوب ہے۔ ہر سوال کا 01 نمبر ہے۔ (25x1=25)

سوال نمبر 1: علم صرف کا موضوع کلمہ ہے، ۔۔۔کے اعتبار سے۔

(الف) اسم (ب) فعل (ج) حرف (د) صیغہ

سوال نمبر 2: بامعنی لفظ کو۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) کلمہ (ب) اسم (ج) فعل (د) حرف

سوال نمبر 3: اِذْهَبْ (تو جا) فعل۔۔۔ہے۔

(الف) ماضی (ب) مضارع (ج) امر (د) نہی

سوال نمبر 4: وہ فعل جسکا فاعل معلوم ہو اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) فعل معروف (ب) فعل مجہول (ج) نائب الفاعل (د) مفعول

سوال نمبر 5: غُلَامُهٗ میں هٗ ضمیر۔۔۔متصل ہے۔

(الف) مرفوع (ب) منصوب (ج) مجرور (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 6: ضَرَبْتُ میں تُ ضمیر مرفوع متصل۔۔۔ہے۔

(الف) بارز (ب) مستتر (ج) مفعول (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 7: "رَفَعْنَا"۔۔۔ہے۔

(الف) صیغہ واحد متکلم (ب) صیغہ جمع متکلم (ج) صیغہ واحد مذکر حاضر (د) صیغہ واحد مؤنث حاضر

سوال نمبر 8: فعل ماضی مجہول۔۔۔سے بنتا ہے۔

(الف) ماضی معروف (ب) مضارع مجہول (ج) مضارع معروف (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 9: فعل مضارع میں "نون۔۔۔کے شروع میں آتا ہے۔

(الف) واحد مذکر حاضر (ب) واحد مؤنث حاضر (ج) واحد متکلم (د) جمع متکلم

سوال نمبر 10: مضارع کے دو صیغوں۔۔۔کے آخر میں نون ضمیری ہوتا ہے۔

(الف) واحد مؤنث حاضر، جمع مؤنث حاضر (ب) واحد مذکر حاضر، جمع مذکر حاضر

(ج) جمع مؤنث حاضر، جمع مذکر حاضر (د) جمع مؤنث حاضر، جمع مؤنث غائب

سوال نمبر 11: مضارع کے سات صیغوں کے آخر میں۔۔۔ہوتا ہے۔

(الف) نون ضمیری (ب) نون اعرابی (ج) الف اور ب دونوں (د) ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر 12: حروف مضارع کو ضمّہ اور عین کلمہ کو فتحہ دیتے ہیں اور آخری حرف اپنی حالت پر برقرار رہتا ہے اس عمل سے فعل۔۔۔بنتا ہے۔

(الف) ماضی مجہول (ب) مضارع معروف (ج) مضارع مجہول (د) امر

سوال نمبر 13: يُرْزَقُوْنَ صیغے کی درست پہچان کیجئے۔

(الف) صیغہ واحد مذکر غائب (ب) صیغہ جمع مذکر غائب (ج) صیغہ واحد مذکر حاضر (د) صیغہ واحد مؤنث حاضر

سوال نمبر14: حروف اصلیہ اور حروف زائدہ کے اعتبار سے کلمہ کی۔۔۔اقسام ہیں۔

(الف)2 (ب)4 (ج)5 (د)6

سوال نمبر15: حروف اصلیہ کے ساتھ کلمہ میں کوئی زائد حرف نہ ہو تو اسے۔۔۔کہا جاتا ہے۔

(الف)ثلاثی (ب)خماسی (ج)مجرد (د)مزید فیہ

سوال نمبر16: جَحْمَرِش (بوڑھی عورت)۔۔۔کی مثال ہے۔

(الف)ثلاثی مجرد (ب)رباعی مجرد (ج)خماسی مجرد (د)خماسی مزید فیہ

سوال نمبر17: وہ کلمہ جس کا کوئی حرف اصلی ہمزہ ہو،اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)مہموز (ب)مضاعف (ج)مثال (د)اجوف

سوال نمبر18: وہ کلمہ جس کا فاء کلمہ حرف علّت ہو،اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف) صحیح (ب)مضاعف (ج)مثال (د)ناقص

سوال نمبر19: وہ کلمہ جس کے حروف اصلیہ میں دو حروف علّت ہوں،اسے۔۔۔کہتے ہیں۔

(الف)مثال (ب)اجوف (ج)مضاعف (د)لفیف

سوال نمبر20: درج ذیل صیغوں میں سے اسم مفعول واحد مؤنث کے صیغے کی نشاندہی کیجئے۔

(الف)فاعلان (ب)فَعَلَةٌ (ج)مفعولة (د)مفعولات

سوال نمبر21: رباعی مجرد۔۔۔

(الف)صرف ایک باب ہے۔ (ب)دو باب ہیں۔ (ج)تین باب ہیں۔ (د)چار باب ہیں۔

سوال نمبر22: درج ذیل میں سے رباعی مزید فیہ کے باب کی نشاندہی کیجئے۔

(الف)تَفَعْلُلٌ (ب)اِفْعِلَّالٌ (ج)اِفْعِنْلَالٌ (د)الف،ب،ج تینوں

سوال نمبر23: غیر ثلاثی مجرد ابواب میں فعل مضارع معروف میں علامت مضارع کو ضمّہ اور ما قبل آخر کو فتحہ دیں تو۔۔۔بنتا ہے۔

(الف)فعل ماضی معروف (ب)فعل مضارع مجہول (ج)فعل امر غائب و متکلم معروف (د)ان میں سے کوئی نہیں

سوال نمبر24: اِجْتَنَبَ۔۔۔اِجْتِنَاباً۔درست صیغے سے خالی جگہ پر کیجئے۔

(الف)يَجْتَنِبُ (ب)مُجْتَنِبٌ (ج)يُجْتَنَبُ (د) مُجْتَنَبٌ

سوال نمبر25: الامر منه: اِسْتَنْصِرْ۔۔۔، لِيَسْتَنْصِرْ لِيَسْتَنْصَرْ-درست صیغے سے خالی جگہ پر کیجئے۔

(الف)لا تَسْتَنْصِرْ (ب) لِيَسْتَنْصِرْ (ج) لِتُسْتَنْصَرْ (د)اشَدُّ اِسْتِنْصَاراً